## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے الطاف حسین کا ٹیلی فون پر گفتگو

## سینیٹ کے انتخابات میں سندھ سے ایم کیوایم اور پیپلزپارٹی کے تمام امیدواروں کی بلامقابلہ کامیابی پر دلی مبارکباد

## یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مثال ہے، الطاف حسین

## تمام امیدواروں کی بلامقابلہ کامیابی سے صوبہ سندھ پاکستان کے تمام صوبوں سے بازی لے گیا ہے

## صوبہ سندھ کا سیاسی ماحول میچور ہے اور ملک کے دیگر صوبوں کو بھی صوبہ سندھ کو فالو کرنا چاہئے، یوسف رضا گیلانی

## پورے ملک میں بہت اچھا امیج بنا ہے کہ سندھ کے سیاستداں ہارس ٹریڈنگ کے حق میں نہیں ہیں

لندن۔۔۔17، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کو فون کرکے سینیٹ کے انتخابات میں سندھ سے ایم کیوایم اور پیپلزپارٹی کے تمام امیدواروں کی بلامقابلہ کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔وزیراعظم سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مثال ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایم کیوایم اور پیپلزپارٹی نے صوبہ سندھ میں سیاسی بلوغت اور بھائی چارے کا ایسا ماحول پیدا کردیا ہے کہ سینیٹ کے انتخابات میں دونوں جماعتوں کے تمام امیدوار بلامقابلہ کامیاب ہوگئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سینیٹ کے الیکشن میں تمام امیدواروں کی بلامقابلہ کامیابی سے صوبہ سندھ پاکستان کے تمام صوبوں سے بازی لے گیا ہے۔جناب الطاف حسین نے مالاکنڈ میں حکومت اور مقامی تنظیم کے درمیان ہونے والے معاہدے کا تذکرہ کرتے ہوئے دعا کی یہ معاہدہ کامیاب ہو اور ملک بھر میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہوسکے۔وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے سینیٹ کے انتخابات میں سندھ سے ایم کیوایم اور پیپلزپارٹی کے تمام امیدواروں کی بلامقابلہ کامیابی پر جناب الطاف حسین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ صوبہ سندھ کا سیاسی ماحول میچور ہے اور ملک کے دیگر صوبوں کو بھی صوبہ سندھ کو فالو کرنا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اور پیپلزپارٹی کے امیدواروں کی بلامقابلہ کامیابی سے پورے ملک میں بہت اچھا امیج بنا ہے کہ سندھ کے سیاستداں ہارس ٹریڈنگ کے حق میں نہیں ہیں۔وزیراعظم نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ حکومت، ملک کی معاشی صورتحال اور امن وامان کی بہتری کیلئے ہرممکن اقدامات کررہی ہے اور حکومت چاہتی ہے کہ ملک بھر میں جمہوریت کو فروغ ملے اور عوام کے مسائل حل ہوں۔

## پشاور میں بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے، الطاف حسین

## دہشت گردی کے واقعہ میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے

لندن۔۔17 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے علاقے بازید خیل میں بم دھماکہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پشاور میں بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے اور جو عناصر اپنے مذموم مقاصد کے حصول کیلئے بے گناہ شہریوں کی جان ومال سے کھیل رہے ہیں وہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ پشاور میں بم دھماکہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور دہشت گردی کے اس واقعہ میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے۔جناب الطاف حسین نے بم دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوارلواحقین دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## معروف شاعر شبنم رومانی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔17 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف شاعر شبنم رومانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شبنم رومانی مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ شبنم رومانی کے انتقال سے ملک ایک ممتاز اور بزرگ شاعر سے محروم ہوگیا ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ملک کے ممتاز اور سینئر فنکار محمد کمال کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

## عوام اداکار کمال کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔17،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک کے ممتاز اور سینئر فنکار محمد کمال کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ وہ محمد کمال کو صحت کاملاں عطا کرے اوران کی عمر دراز فرمائے۔ جناب الطاف حسین نے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اداکار کمال کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## حق پرست خواتین کراچی میں طالبانائزیشن کے عمل کو کسی بھی قیمت پر قبول نہیں کریں گی،شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔17،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف ہے اور مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اسلام امن وآشتی کا دین ہے اور اعتدال پسندی کا درس دیتا ہے جبکہ مذہبی انتہاء پسند عناصر اسلام کے نام پر فرسودہ اور جاہلانہ رسومات کو فروغ دیکر دنیا بھر میں دین اسلام کا امیج خراب کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دین اسلام میں خواتین کے حقوق کے احترام کا درس دیا گیا ہے اوراحادیث مبارکہ میں مرد اور عورت کو علم حاصل کرنے کی تلقین کی گئی ہے جبکہ مذہبی انتہاء پسند عناصر،خواتین پر تعلیم کے دروازے بند کرکے لڑکیوں کے اسکولوں کو بم سے اڑارہے ہیں جو کہ اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔شعبہ خواتین کی ارکان نے کہا کہ منگھوپیر کے علاقے سے انتہاء پسند دہشت گردوں کی گرفتاری اور ڈیفنس میں ویلنٹائن ڈے کی تقریب پر ڈنڈا بردار مسلح طالبان کے حملے کے واقعات نے ایک مرتبہ پھر ثابت کردیا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی ماہ سے کراچی میں طالبانائزیشن کے جن خدشات کا اظہار کررہے ہیں وہ بے بنیاد نہیں ہیں اور مذہبی انتہاء پسند کراچی کو یرغمال بنانے کی سازش کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست خواتین کراچی میں طالبانائزیشن کے عمل کو کسی بھی قیمت پر قبول نہیں کریں گی۔انہوں نے خواتین پرزور دیا کہ وہ حالات پر گہری نظر رکھیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے،علیم الرحمان

## کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش ملک بھر کے عوام کیلئے باعث تشویش ہے،اسٹیفن آصف

## کورنگی کی ضیاء کالونی میں ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت رابطہ آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔17،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی علیم الرحمان نے کہا ہے کہ سندھ صوفیوں کی سرزمین ہے اور سندھ کے پرامن عوام صوبہ اوراس کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کورنگی کے علاقے ضیاء کالونی میں ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت عوامی رابطہ آفس کے افتتاح کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔افتتاحی تقریب میں ضیاء کالونی کے اقلیتی اور مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں،بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے علیم الرحمان نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے کراچی اور سندھ میں طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے جن خدشات کا اظہار کررہے تھے وہ سچ ثابت ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز منگھوپیر کے علاقے سے طالبان کے دہشت گردوں کی بھاری اسلحہ سمیت گرفتاری سے ثابت ہوگیا ہے کہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش پر عمل درآمد شروع کردیا گیا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ سندھ صوفیوں کی سرزمین ہے اور سندھ کے پرامن عوام صوبہ اوراس کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔قبل ازیں ایم کیوایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج وحق پرست رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ اوراس کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش صوبہ بھر کے عوام کیلئے تشویش کا باعث ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک نظریاتی تحریک ہے اور ایم کیوایم سندھ اور کراچی پر مذہبی انتہاء پسندوں کے قبضہ کی سازش کو کسی بھی قیمت پر کامیاب نہیں ہونے دے گی۔

## ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔17،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 81 کے کارکن آصف عباسی کے والد عبدالرحیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆